# بیرونِ ملک مقیم پاکستانیوں کے لئے اکاؤنٹس کی بائیومیٹرک تصدیق کا طریقۂ کار

اسٹیٹ بینک آف پاکستان (SBP) کی ہدایات کی تعمیل اور پاکستان میں غیر موجود صارفین کی سہولت کے لئے بائیومیٹرک تصدیق کی جگہ نادرا تصدیق (NADRA Verisys)، (متبادل تصدیق) کا طریقۂ کار اختیار کیا جائے گا۔

**1- غیر سکونت پذیر پاکستانیوں (NRPs) کی بائیومیٹرک تصدیق**

غیر سکونت پذیر پاکستانی اکاؤنٹ ہولڈرز جو بائیومیٹرک تصدیق کے لئے بینک نہیں آسکتے، ان کے لئے ضروری ہے کہ وہ باقاعدہ دستخط اور تصدیق کردہ ضمانتی فارم، پاکستان میں اپنے متعلقہ سفارت خانے کی جانب سے تصدیق شدہ دستاویزی ثبوت کے ہمراہ بینک کو اپنے رجسٹرڈ ای میل ایڈریس کے ذریعے اس لنک پر ارسال کریں: info@mcbislamicbank.com اور اصل تصدیق شدہ دستاویز اپنی متعلقہ MIB برانچ کو بھیجیں (http://www.mcbislamicbank.com/branch-locator/)۔ کسی بھی معلومات کی صورت میں 642-222-111-21-92+ پر رابطہ کریں۔

برائے مہربانی غیر سکونت پذیر پاکستانی ضمانتی فارم درج ذیل لنک سے ڈاؤن لوڈ کر کے پُر کریں:
https://www.mcbislamicbank.com/biometric-verification/NRP.pdf

**درکار دستاویزات:**

ضمانتی فارم کے ہمراہ درج ذیل تائیدی دستاویزات منسلک کریں:

- صارف کی NRP حیثیت مع ثبوت (یعنی فعال پاسپورٹ کی نقل، ویزا، ایگزٹ اسٹیمپ، ریزیڈنٹ پرمٹ وغیرہ)
- فعال شناختی دستاویز کی نقل (CNIC/NICOP)
- صارف کے ریکارڈ کے مطابق اس کی جانب سے کھلوائے گئے اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) کے نمبر(ز)
- رہائش کی نوعیت میں کسی تبدیلی کی بینک کو اطلاع کا حلف نامہ

## 2- عارضی طور پر بیرونِ ملک مقیم سکونت پذیر پاکستانیوں کی بائیومیٹرک تصدیق

ایسے صارفین جو کسی بھی وجہ سے عارضی طور پر بیرونِ ملک مقیم ہیں اور بائیومیٹرک تصدیق کے لئے بینک نہیں آ سکتے، ان کے لئے ضروری ہے کہ وہ باقاعدہ دستخط اور تصدیق کردہ ضمانتی فارم، پاکستان میں اپنے متعلقہ سفارت خانے کی جانب سے تصدیق شدہ دستاویزی ثبوت کے ہمراہ بینک کو اپنے رجسٹرڈ ای میل ایڈریس کے ذریعے اس لنک پر ارسال کریں:

Info@mcbislamicbank.com اور اصل تصدیق شدہ دستاویز اپنی متعلقہ MIB برانچ کو بھیجیں۔

(http://www.mcbislamicbank.com/branch-locator/)

کسی بھی معلومات کی صورت میں 642-222-111-42-92+ پر رابطہ کریں۔

برائے مہربانی عارضی طور پر بیرونِ ملک مقیم سکونت پذیر پاکستانی ضمانتی فارم درج ذیل لنک سے ڈاؤن لوڈ کر کے پُر کریں:

https://www.mcbislamicbank.com/biometric-verification/TOP.pdf

**درکار دستاویزات:**

ضمانتی فارم کے ہمراہ درج ذیل تائیدی دستاویزات منسلک کریں:

- صارف کی جانب سے ملک میں اس کی غیر موجودگی کی معقول شہادت / ثبوت (یعنی فعال پاسپورٹ کی نقل، ویزا، ایگزٹ اسٹیمپ، ریزیڈنٹ پرمٹ وغیرہ) اور وطن واپسی کی متوقع تاریخ۔ (چھ ماہ سے زیادہ نہیں)

## 3- مشترکہ (Joint) اکاؤنٹس کی بائیومیٹرک تصدیق

اگر کوئی ایسی صورت حال ہو کہ مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈرز میں سے کوئی ایک عارضی طور پر پاکستان سے باہر ہو تو ایسی صورت میں اکاؤنٹس کی بائیومیٹرک تصدیق کے لئے درج ذیل طریقۂ کار اختیار کیا جائے گا۔

- پاکستان میں مقیم مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈر(ز) کی بائیومیٹرک تصدیق کی جائے گی۔

- دیگر مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈر(ز) کے لئے (جو کہ غیر سکونت پذیر پاکستانی ہوں یا عارضی طور پر بیرونِ ملک مقیم سکونت پذیر پاکستانی ہوں) نمبر شمار 1 اور 2 میں بیان کردہ طریقۂ کار اختیار کیا جائے گا۔